نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کسان کارڈ کے لیے اب تک سوا لاکھ کاشتکار رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: **14 جون 2024**: کسان کارڈ حکومت پنجاب کا نہایت کسان دوست اقدام ہے۔اب تک سوا لاکھ کاشتکار کسان کارڈ کے لیے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ سے صوبہ بھر میں 5 لاکھ کاشتکار مستفید ہوں گے۔کسان کارڈ حقیقی معنوں میں کاشتکاروں کی پہچان بنے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ آئندہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت تمام سہولیات کے کسان کارڈ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت نے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے حوالے سے جاری آگاہی مہم میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت توسیع اور واٹر مینجمنٹ کی فیلڈ فارمیشنز کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ کسان کارڈ کی رجسٹریشن کیلئے آگاہی کے تمام وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔اجلاس میں محکمہ زراعت، بینک آف پنجاب، پی آئی ٹی بی، پی ایل آر اے، نادرا اور پی ایم ڈی کے نمائندوں نے شرکت کی

☆☆☆☆